
NHS
Test and Trace

ٹیسٹ شروع کرنے سے پہلے اس پورے رہنما کو دھیان سے پڑھیں۔
یہ ٹیسٹ ان ٹیسٹوں سے مختلف ہوسکتا ہے جو آپ نے پہلے استعمال کیے ہیں۔

# SureScreen SARS-CoV-2
# اینٹیجین ریپڈ ٹیسٹ کیسٹ
# (ناک کا سویب) (گولڈ) کے لیے
# آپ کا قدم بہ قدم رہنما




یہ ہدایات SureScreen Diagnostics SARS-CoV-2 اینٹیجین ریپڈ ٹیسٹ کیسٹ (ناک کا سویب) (گولڈ) کے لیے ہیں، پروڈکٹ کوڈ: COVID19AGVCGS7.
یہ رہنما وضاحت کے ساتھ بتاتا ہے کہ COVID-19 کے مدنظر کس طرح خود کا، اپنے بچے کا یا دوسرے فرد کا ٹیسٹ کیا جائے، اور اپنے نتائج کی رپورٹ کس طرح کی جائے۔

متبادل زبان میں ورژن اور ویڈیو مظاہرے یہاں دستیاب ہیں:
gov.uk/covid19-self-test-help

**اپنے تمام ٹیسٹ کے نتائج NHS کو رپورٹ کریں**

# آپ کو کیا کرنے کی ضرورت ہے

## آپ کا قدم بہ قدم رہنما

15 منٹ کی ترتیب

مکمل ہدایات کو پڑھیں اور درست ترتیب میں اقدامات پر عمل کریں۔ ہر ٹیسٹ کو ترتیب دینے میں لگ بھگ 15 منٹ لگتے ہیں اور نتائج 10 منٹ پر تیار ہو جائیں گے۔


| | | |
|---|---|---|
| 1 | اپنے ٹیسٹ کی جگہ تیار کریں اور اپنے ٹیسٹ کٹ کے مشمولات کی پڑتال کریں | صفحہ 6 |
| 2 | اپنا ٹیسٹ ترتیب دیں | صفحہ 8 |
| 3 | اپنے سویب کا نمونہ لیں | صفحہ 10 |
| 4 | سویب کے نمونے پر کارروائی کریں | صفحہ 12 |
| 5 | اپنا نتیجہ پڑھیں | صفحہ 14 |
| 6 | اپنے نتیجے کی رپورٹ کریں | صفحہ 15 |
| 7 | آپ کے نتائج کا کیا مطلب ہے | صفحہ 16 |
| 8 | ٹیسٹ کی کارکردگی | صفحہ 17 |
| 9 | اپنا ٹیسٹ بحفاظت ضائع کریں | صفحہ 17 |


## COVID-19 میں مبتلا تقریبا 3 افراد میں سے 1 کو معلوم نہیں ہوتا ہے کہ وہ اس کا شکار ہے۔

یہ ہدایاتی کتابچہ صرف SureScreen SARS-CoV-2 اینٹیجین ریپڈ ٹیسٹ کیسٹ (ناک کا سویب) (گولڈ) سے متعلق ہے

# ٹیسٹ کرنے کے بارے میں مشورہ

## ذخیرہ اندوزی اور سنبھالنے سے متعلق رہنمائی

- پیکیج کے مطابق ہی کمرے کے درجۂ حرارت (2-30°C) پر رکھیں۔ منجمد نہ کریں۔
- کٹ کو کمرے کے درجۂ حرارت (15°C تا 30°C) پر استعمال کرنا چاہیے۔ اگر کٹ کو ٹھنڈی جگہ (15°C سے کم) پر اسٹور کیا گیا ہو تو استعمال کرنے سے پہلے اسے 20 منٹ تک کمرے کے معمول کے درجۂ حرارت پر رکھیں۔
- ہر فرد کے لیے علیحدہ ٹیسٹ کٹ استعمال کریں۔ ٹیسٹ کٹ میں موجود سارے آئٹم صرف ایک بار استعمال ہو سکتے ہیں۔ آئٹم کو دوبارہ استعمال مت کریں۔ آپ کو ہر فرد کے نتیجے کی رپورٹ کرنی ہوگی۔
- اگر آپ کو اپنے ہاتھوں یا بینائی میں مسائل درپیش ہوں تو آپ کو سویب لینے اور ٹیسٹنگ کی کارروائی میں اپنی اعانت کے لیے کسی کی ضرورت ہو سکتی ہے۔
- اگر آپ نے ناک چھدوایا ہے تو ٹیسٹ کرنے سے پہلے پیئرسنگ کو ہٹا دیں۔
- ان نمونوں کا استعمال کرنے سے گریز کریں جن میں خون لگا ہو۔ اگر پچھلے 24 گھنٹے کے اندر آپ کی ناک سے خون بہا ہو تو ٹیسٹ کرنے سے پہلے آپ کو 24 گھنٹے انتظار کرنا چاہیے۔
- سویب کو سنبھالتے وقت سویب کے سرے کو نہ چھوئیں۔
- ٹیسٹ کٹ اور نتائج کے ونڈو والے حصے کو جہاں پر نمونہ ڈالا گیا ہے چھونے سے احتراز کریں۔

## انتباہ

- اختتامی تاریخ کے بعد استعمال نہ کریں۔ براہ کرم باکس پر دی گئی اختتامی تاریخ پر عمل کریں۔
- کیسٹ کو استعمال کے لیے تیار ہونے تک مہر بند پاؤچ میں ہی رہنے دینا چاہیے۔
- یہ ٹیسٹ کٹس صرف انسانی استعمال کے لیے بنائی گئی ہیں۔
- ٹیسٹنگ سے 15 منٹ پہلے ناک والا کوئی اسپرے استعمال نہ کریں۔
- یہ پروڈکٹ فطری ربر لیٹیکس سے نہیں بنایا گیا ہے تاہم، اصل صارف کو جس طرح یہ پروڈکٹ ڈیلیور کیا گیا ہے اس میں فطری ربر لیٹیکس کی موجودگی یا سراغ کو مکمل طور پر خارج نہیں کیا جا سکتا۔

**ان ہدایات پر احتیاط سے عمل کر یں، یہ ٹیسٹ ان ٹیسٹوں سے مختلف ہوسکتا ہے جو آپ نے پہلے استعمال کیے ہیں۔**

پروڈکٹ کوڈ: COVID19AGVCGS7

# اس ٹیسٹ کے بارے میں

## آپ کو از خود ٹیسٹ کیوں کرنا چاہیے

یہ COVID-19 از خود ٹیسٹ کٹ ناک کے لیے ایک سویب ٹیسٹ ہے۔ اسے ان لوگوں کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے جن میں کوئی علامت نہیں ہے، تاہم آپ کو ملکی رہنما خطوط پر عمل کر کے یہ چیک کرنا چاہیے کہ کس قسم کا ٹسٹ آپ کے لیے ٹھیک ہے۔

## اگر COVID-19 کے لیے آپ کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے تو آپ کو یہ کرنا چاہیے:

- بیماری کے پھیلاؤ کو محدود کرنے میں تعاون کریں، آپ اور آپ کے گھرانے کو حکومت کے حالیہ رہنما خطوط پر عمل کرنا چاہیے: nhs.uk/conditions/coronavirus-covid-19/self-isolation-and-treatment/
- اپنی علامات شروع ہونے کے پہلے پچھلے 48 گھنٹوں میں یا اگر کوئی علامت نہیں ہے تو ٹیسٹ کا مثبت ننتیجہ دکھائی دینے کے دن سے آپ جن لوگوں کے ساتھ قریبی رابطے میں رہے ہیں یا جن مقامات پر گئے ہیں ان کے بارے میں بتائیں تاکہ ممکنہ COVID-19 کے انفیکشن کے لیے ٹیسٹ کر وایا جاسکے۔ مقامی اور ملکی رہنما خطوط پر ہمیشہ عمل کریں۔

### اگر COVID-19 کے مدنظر آپ کی جانچ منفی ہے

اس امر کا امکان ہے کہ ٹیسٹ کیے جانے کے وقت آپ متعدی نہیں تھے۔ تاہم، ٹیسٹ کا منفی نتیجہ اس بات کی ضمانت نہیں ہے کہ آپ میں کورونا وائرس نہیں ہے۔ آپ کو حکومت کے رہنما خطوط پر عمل کرنا جاری رکھنا چاہیے۔

**مشورہ**

**اگر آپ کو فکر لاحق ہو تو مدد حاصل کرنے میں تاخیر مت کریں۔ اپنے وجدان پر بھروسہ کریں۔**

اگر آپ کو COVID-19 کی علامات ہوں یا COVID-19 کی زد میں آئے ہوں تو، براہ کرم NHS کی رہنمائی پر عمل کریں: nhs.uk/conditions/coronavirus-covid-19/


اگر آپ کو COVID-19 کی علامات ہوں، اور آپ کی کیفیت بگڑ جائے، یا سات دنوں کے بعد آپ کی طبیعت بہتر نہ ہو تو، NHS 111 کی آن لائن کورونا وائرس سروس کا استعمال کریں 111.nhs.uk

اگر آپ کی رسائی انٹرنیٹ تک نہیں ہے تو **NHS 111** کو کال کریں۔

طبی ایمرجنسی کے لیے **999** ڈائل کریں۔


آپ بچوں میں COVID-19 کی علامتوں کے بارے میں مزید مشورہ اس پر حاصل کر سکتے ہیں:
nhs.uk/conditions/coronavirus-COVID-19/symptoms/coronavirus-in-children/

## یہ ٹیسٹ کس کے لیے موزوں ہے




### +18 سال کی عمر کے بالغان کے لیے

اگر ضرورت ہو تو اعانت لے کر، خود سے ٹیسٹ کریں اور رپورٹ کریں۔



### 12-17 سال کی عمر کے جوان کے لیے

بالغ فرد کی نگرانی میں خود سے ٹیسٹ کریں اور رپورٹ کریں۔ بالغ فرد بھی ضروری ہونے پر ٹیسٹ کر سکتا ہے۔



### 12 سال سے کم عمر کے بچے کے لیے

12 سال سے کم عمر کے بچوں کا ٹیسٹ کسی بالغ فرد کو کرنا چاہیے۔ اگر آپ بچے کا ٹیسٹ کرنے میں پُر سکون محسوس نہیں کرتے ہیں تو یہ ٹیسٹ نہ کریں۔ اگر بچہ کوئی نمایاں درد یا تکلیف محسوس کرتا ہے تو ٹیسٹ جاری نہ رکھیں۔

## کتنی مرتبہ ٹیسٹ کرنا ہے

آپ کو کتنی بار ٹیسٹ کرنا چاہیے یہ آپ کے حالات اور موجودہ ملکی یا مقامی رہنما خطوط پر انحصار کرتے ہوئے مختلف ہو سکتا ہے۔

## اضافی مدد کہاں سے تلاش کریں

از خود ٹیسٹ کی مزید معلومات یہاں سے حاصل کریں: gov.uk/covid19-self-test-help

یہ ہدایاتی کتابچہ صرف SARS-CoV-2 اینٹیجین ریپڈ ٹیسٹ کیسٹ (ناک کا سویب) (گولڈ) سے متعلق ہے، پروڈکٹ کوڈ: COVID19AGVCGS7۔

# 1. اپنے ٹیسٹ کی جگہ تیار کریں

**اہم**




کٹ کو کمرے کے درجۂ حرارت (15°C تا 30°C) پر استعمال کرنا چاہیے۔
اگر کٹ کو ٹھنڈی جگہ (15°C سے کم) پر اسٹور کیا گیا ہو تو استعمال کرنے سے پہلے اسے 20 منٹ تک کمرے کے معمول کے درجۂ حرارت پر رکھیں۔

ٹیسٹنگ سے 15 منٹ پہلے ناک والا کوئی اسپرے استعمال نہ کریں




15
منٹ

آپ کو ضرورت ہوگی: ایک ٹائمر (جیسے کہ گھڑی یا دیوار گھڑی)، ٹشو، ہینڈ سینیٹائزر یا صابن اور گرم پانی۔

---

**1** اس ہدایاتی رہنما کو بغور پڑھیں۔



---

**2** ٹیسٹ شروع کرنے سے عین قبل ایک چپٹی سطح کو صاف کریں، اس کی صفائی کریں اور اسے خشک کریں۔



---


**3** صابن اور گرم پانی، یا ہینڈ سینیٹائزر استعمال کر کے، 20 سیکنڈ تک اپنے ہاتھوں کو اچھی طرح دھوئیں۔






# اپنی کٹ کے مشمولات کی پڑتال کریں

**4** آپ کے ٹیسٹ باکس میں درج ذیل اشیاء ہونی چاہئیں:



ٹیوب ہولڈر کے ساتھ باہری باکس




مہر بند پاؤچیز میں ٹیسٹ کیسٹ




مائع والے ساشے (استخراجی بفر وائلز)




استخراجی ٹیوب



استعمال کے لیے ہدایات (یہ کتابچہ)



پلاسٹک کے فضلے والے بیگ



سویب

**مشورہ**

**اگر کوئی چیز خراب، ٹوٹی ہوئی یا غائب ہو تو، کیا کریں**

اگر آپ کو کوئی چیز خراب شدہ، ٹوٹی ہوئی یا غائب نظر آتی ہے تو، براہ کرم ٹیسٹ کٹ استعمال نہ کریں۔ آپ کسٹمر کنٹیکٹ سنٹر پر کال کرکے فیڈ بیک فراہم کرسکتے ہیں۔ لائنیں روزانہ، 7 بجے صبح سے 11 بجے رات تک کھلی رہتی ہیں۔

کال کریں: **119** (موبائل اور لینڈ لائنوں سے مفت)۔
ہم 200 زبانوں نیز برطانوی اشاراتی زبان میں تعاون پیش کرتے ہیں ۔

اگر آپ کو ڈیوائس سے کوئی ضرر پہنچتا ہے، تو یہاں رپورٹ کریں:
**coronavirus-yellowcard.mhra.gov.uk**


پروڈکٹ کوڈ: COVID19AGVCGS7

# 2. اپنا ٹیسٹ ترتیب دیں


**5** ٹیسٹ کیسٹ کو مہر بند پاؤچ سے باہر نکالیں اور صاف چپٹی سطح پر اسے رکھیں۔

**انتباہ**

کھل جانے پر، 1 گھنٹے کے اندر استعمال کر لیں، ورنہ ٹیسٹ باطل ہو جائے گا۔ اس کیسٹ اور پاؤچ کے مشمولات کو ضائع کر دیں جو 1 گھنٹے سے زیادہ وقت تک مہر بند پاؤچ سے باہر رہے ہیں۔




**6** استخراجی ٹیوب کو استخراجی ٹیوب ہولڈر (باکس کے ڈھکن پر سوراخ کردہ مدور حصہ) میں رکھیں تاکہ سیال ٹپکنے سے بچایا جائے۔



**7** مائع والے ساشے کو کھینچ کر کھولنے کے لیے احتیاط سے موڑیں۔ اسے اپنے چہرے سے دور رکھ کر کھولیں اور دھیان رکھیں کہ ذرا بھی مائع باہر نہ چھلکے۔

**انتباہ**

استخراجی بفر میں ایسا مواد ہوتا ہے جو چہرے یا جلد کے ساتھ رابطے میں آنے پر جلن پیدا کر سکتا ہے۔ اگر محلول کا جلد یا آنکھ سے رابطہ ہوتا ہے تو، خوب پانی سے دھوئیں۔ اگر جلد میں جلن پیدا ہوتی ہے تو براہ کرم طبی توجہ حاصل کریں۔




**8** استخراجی ٹیوب کھولیں اور ساشے سے تمام مائع آہستگی سے ٹیوب کے اندر نچوڑ دیں۔

دھیان رکھیں اور خالی مائع ساشے کو فراہم کردہ پلاسٹک کے فضلے والے بیگ میں رکھیں۔



9

ٹشو میں آہستگی سے اپنی ناک صاف کریں اور اسے بند کوڑے دان میں پھینک دیں۔

اگر آپ کسی اور کی مدد کر رہے ہیں یا بچے کا ٹیسٹ کر رہے ہیں تو ان کی ناک صاف کرنے میں ان کی مدد کریں اور ٹشو کو کسی بند کوڑے دان میں پھینک دیں۔



10

صابن اور گنگنا پانی استعمال کر کے دوبارہ 20 سیکنڈ تک اپنے ہاتھوں کو اچھی طرح دھوئیں یا سینیٹائزر استعمال کریں۔

اگر آپ کسی دوسرے شخص کی مدد کر ر ہے ہیں یا کسی بچے کا ٹیسٹ کر رہے ہیں تو ان کے ہاتھ دھلانے میں ان کی مدد کریں۔





11

اپنے سامنے مہر بند ریپر میں سویب کو تلاش کریں۔
نرم، فیبرک والے سرے کی پہچان کریں۔

**اہم**

سویب کے نرم، فیبرک والے سرے کو مس نہ کریں۔ اگر سویب کے فیبرک والے سرے کو مس کر دیا گیا ہے تو سویب کو ضائع کر دیں۔




12

آرام سے ادھیڑ کر سویب کی پیکیجنگ کو دوسرے سرے سے کھولیں، صرف اسی وقت جب آپ استعمال کے لیے تیار ہوں۔




پروڈکٹ کوڈ: COVID19AGVCGS7


# 3. اپنے سویب کا نمونہ لیں

**اگر آپ کسی اور کا ٹیسٹ کر رہے ہیں، تو براہ کرم صفحہ 11 پر دی گئی ہدایات کو دیکھیں۔**

**اہم**


صرف ناک والا نمونہ استعمال کر کے ہی ٹیسٹ انجام دیا جانا چاہیے۔

**13** سویب کے فیبرک والے سرے کو ایک نتھنے میں ڈالیں (آپ کی ناک میں لگ بھگ 1.5 سنٹی میٹر اوپر)۔





**14** اپنے نتھنے کے اندر چاروں طرف مدور حرکت میں **5 بار** کم سے کم **5 سیکنڈ** کے لیے سویب سے آہستگی سے پونچھیں۔

اسے آہستگی سے نکالیں۔ طاقت لگانے کی ضرورت نہیں ہے اور آپ کو اپنے نتھنے میں کافی اندر تک نہیں دھکیلنا ہے۔ سویب کو واپس اصل پیپر پیکیجنگ میں نہ ڈالیں۔




**15** وہی سویب استعمال کر کے، سویب کے فیبرک والے سرے کو دوسرے نتھنے میں ڈالیں (جو آپ کی ناک میں لگ بھگ 1.5 سنٹی میٹر اوپر ہوتا ہے)۔

اپنے نتھنے کے اندر چاروں طرف مدور حرکت میں **5 بار** کم سے کم **5 سیکنڈ** کے لیے سویب سے آہستگی سے پونچھیں۔




# کسی دوسرے پر ٹیسٹ کرنا


**مشورہ**

12 سال سے کم عمر کے بچوں کا ٹیسٹ کسی بالغ فرد کو کرنا چاہیے۔ تیاری اور بچے کا ٹیسٹ کرنے کے طریقے سے متعلق ذیل کی رہنمائی پر عمل کریں۔ آپ ایک نمائشی ویڈیو gov.uk/covid19-self-test-help پر دیکھ سکتے ہیں۔

**13** اگر آپ کسی بچے کا ٹیسٹ کر رہے ہیں تو، انہیں ٹیسٹ کٹ دکھائیں اور ان سے بات کریں کہ آپ کیا کرنے جا رہے ہیں۔ اگر ممکن ہو تو، انہیں کسی کی گود میں بٹھائیں یا کسی سے ان کے ہاتھوں کو پکڑوائیں۔





**14** سویب کے فیبرک والے سرے کو ان کے نتھنوں میں (1.5 سینٹی میٹر تک) ڈالیں یا یہاں تک کہ آپ کو کچھ مزاحمت محسوس ہو۔ ان کے نتھنے کے اندر چاروں طرف مدور حرکت میں **5 بار** کم سے کم **5 سیکنڈ** کے لیے سویب سے آہستگی سے پونچھیں۔ اسے آہستگی سے نکالیں۔ طاقت لگانے کی ضرورت نہیں ہے اور آپ کو ان کے نتھنے میں کافی اندر تک نہیں دھکیلنا ہے۔ سویب کو واپس اصل پیپر پیکیجنگ میں نہ ڈالیں۔




**15** وہی سویب استعمال کرتے ہوئے، سویب کا فیبرک والا سرا ان کے دوسرے نتھنے میں (1.5 سینٹی میٹر تک) ڈالیں یا یہاں تک کہ آپ کو کچھ مزاحمت محسوس ہو۔

ان کے نتھنے کے اندر چاروں طرف مدور حرکت میں **5 بار** کم سے کم **5 سیکنڈ** کے لیے سویب سے آہستگی سے پونچھیں۔




پروڈکٹ کوڈ: COVID19AGVCGS7

# 4. سویب کے نمونے پر کارروائی کریں

**مشورہ**


بہترین کارکردگی کے لیے، اپنا نمونہ لینے کے بعد جتنی جلدی ممکن ہو سویب ٹیسٹ کریں۔

16

استخراجی ٹیوب لیں اور سویب کے فیبرک والے سرے کو استخراجی ٹیوب کے اندر ڈالیں تاکہ یہ مائع کے اندر ہو۔

اپنے انگوٹھے اور انگلیوں کی مدد سے ٹیوب کے نچلے حصے کو بھینچ کر سویب کے سرے کو ٹیوب باڈی کے اندرونی حصے کے ساتھ مضبوطی سے دبائیں۔

بھینچتے ہوئے سویب کو کم از کم 10 سیکنڈ تک گھمائیں۔




17


ناک والے سویب کو تھوڑا سا اٹھائیں پھر سویب کو "بریک پوائنٹ" پوزیشن پر توڑ دیں۔ سویب کے سرے کو استخراجی ٹیوب میں چھوڑ دیں۔

سویب ہینڈل کو فراہم کردہ پلاسٹک کے فضلہ والے بیگ میں رکھیں۔




18


ڈراپر کیپ کو استخراجی ٹیوب کے اوپر مضبوطی سے فٹ کریں۔



19

یقینی بنائیں کہ ٹیسٹ کیسٹ صاف اور سپاٹ سطح پر ہو۔

ٹیسٹ کے دوران کیسٹ کو نہ ہلائیں۔




20

استخراجی ٹیوب کو آرام سے دبا کر مائع کے 3 قطرے ٹیسٹ اسٹرپ پر سیمپل ویل (S) کے اندر ڈالیں۔

یقینی بنائیں کہ آپ ہوا کا بلبلہ نہیں بلکہ، مائع ٹپکا رہے ہیں۔

استخراجی ٹیوب کو پلاسٹک کے فضلہ والے بیگ میں رکھیں۔





21

ٹائمر شروع کریں اور نتیجہ پڑھنے سے قبل 10 منٹ انتظار کریں۔

ٹیسٹ ہو رہا ہو تو حرکت نہ کریں۔ 10 منٹ کے بعد نتیجے کی وضاحت کریں۔ 20 منٹ کے بعد نہ پڑھیں۔


آپ کے ٹیسٹ کا نتیجہ آپ کے پڑھ پانے سے قبل آپ کو پورے 10 منٹ تیاری کے وقت کا انتظار کرنا ضروری ہے۔




پروڈکٹ کوڈ: COVID19AGVCGS7

# 5. اپنا نتیجہ پڑھیں


اہم




نتیجہ پڑھنے کے لیے 10 منٹ انتظار کریں۔



ٹیسٹ کو **20 منٹ** سے زیادہ دیر تک تیار ہونے کے لیے مت چھوڑیں۔ اس سے نتیجہ باطل ہو جائے گا۔





## مثبت نتیجہ

دو لکیریں نمودار ہوتی ہیں۔ ایک رنگین لکیر کنٹرول لائن والے حصہ (C) میں ہونی چاہیے، اور دوسری رنگین لکیر ٹیسٹ لائن والے حصہ (T) میں ہونی چاہیے۔

**دو لائنیں، ایک C سے آگے اور ایک T سے آگے، حتی کہ دھندلی لائنیں ظاہر کرتی ہیں کہ ٹیسٹ مثبت ہے۔**


اہم

اگر آپ کا ٹیسٹ مثبت ہے تو آپ کو چاہیے کہ خود کو آئسولیٹ کریں، آپ کے گھرانے کو چاہیے کہ خود کو آئسولیٹ کرنے سے متعلق حکومت کے رہنما خطوط پر عمل کریں:
**nhs.uk/conditions/coronavirus-covid-19/self-isolation-and-treatment/**




## منفی نتیجہ

ایک رنگین لکیر کنٹرول لائن والے حصہ (C) میں نمودار ہوتی ہے۔ ٹیسٹ لائن والے حصہ (T) میں کوئی لکیر نمودار نہیں ہوتی ہے۔





## باطل نتیجہ

کنٹرول لائن (C) نمودار ہونے میں ناکام ہوتی ہے۔

# 6. اپنے نتیجے کی رپورٹ کریں

## آپ کو چاہیے کہ NHS کو اپنے مثبت، منفی یا باطل نتائج کی رپورٹ کریں





تمام ٹیسٹ کے نتائج کو ریکارڈ کرنے سے سائنس دانوں کو وائرس کی نئی ابتلاء کا پتہ لگانے اور اس پر جوابی اقدام کرنے کا طریقہ بتانے میں مدد ملتی ہے۔

اگر لوگ صرف مثبت نتیجے کی ہی رپورٹ کریں تو، کیسز کی سطحیں اس سے زیادہ نظر آتی ہیں جتنی واقعتاً وہ ہیں۔ لہذا یہاں تک کہ آپ کا نتیجہ منفی یا باطل ہو تو، آپ NHS کی معلومات درست رہنے کو یقینی بنائیں گے۔ آپ کو اپنے نتیجے کی رپورٹ کرنے کے لیے QR کوڈ، یا اس کے نیچے موجود ID نمبر درکار ہوتا ہے۔



آن لائن رپورٹ کریں (جلد سے جلد)۔
اگر آپ انگلینڈ، ویلز یا شمالی آئرلینڈ میں رہتے ہیں تو ملاحظہ کریں **gov.uk/report-covid19-result**

اگر آپ اسکاٹ لینڈ میں رہتے ہیں تو ملاحظہ کریں **covidtest.scot**



یا بذریعہ ٹیلیفون رپورٹ کریں۔

اگر آپ اپنے نتیجہ کی آن لائن رپورٹ نہیں دے سکتے تو **119** پر کال کریں (موبائل اور لینڈ لائنوں سے مفت)۔

لائنیں روزانہ کھلی رہتی ہیں۔ 7 بجے صبح سے 11 بجے رات تک۔

پروڈکٹ کوڈ: COVID19AGVCGS7

# 7. آپ کے نتائج کا کیا مطلب ہے

## آپ نے اپنا ٹیسٹ صرف اسی وقت مکمل کیا ہے جب آپ نے اپنے نتیجے کی رپورٹ کر دی ہو

### مثبت نتیجہ

اگر آپ کو مثبت نتیجہ حاصل ہوتا ہے تو، اس کا امکان ہے کہ آپ فی الحال COVID-19 سے متاثر ہیں اور دوسروں کو متاثر کرنے کا خطرہ رکھتے ہیں۔ آپ کو خود کو آئسولیٹ کرنا چاہیے۔ جب آپ اپنے نتیجے کی رپورٹ دیں گے، تو آپ کو اگلے مراحل انجام دینے کے بارے میں مزید معلومات فراہم کی جائیں گی۔

**انتباہ**

آپ کو، اور کوئی بھی جو آپ کے ساتھ رہتا ہے ان کو موجودہ ملکی اور مقامی رہنمائی پر عمل کرنا چاہیے۔ اسے یہاں سے حاصل کیا جاسکتا ہے :
**nhs.uk/conditions/coronavirus-covid-19/self-isolation-and-treatment/**

### منفی نتیجہ

اگر آپ کو منفی نتیجہ ملتا ہے تو، اس امر کا امکان ہے کہ ٹیسٹ کیے جانے کے وقت آپ متعدی نہیں تھے۔ تاہم، ٹیسٹ کا منفی نتیجہ **اس بات کی ضمانت نہیں ہے کہ آپ میں COVID-19 نہیں ہے۔**

اگر آپ کا ٹیسٹ منفی ہے تو، آپ پر لازم ہے کہ ملکی اور مقامی اصولوں اور رہنما خطوط پر عمل کرتے رہیں، جس میں باقاعدگی سے ہاتھ دھونا، سماجی دوری بنانا اور ضرورت پڑنے پر فیس کورنگ پہننا شامل ہے۔

اگر آپ میں علامات فروغ پاتی ہیں تو آپ کو خود کو آئسولیٹ کرنا چاہیے اور یہاں سے موجودہ تجویز کردہ ٹیسٹ حاصل کرنا چاہیے: **gov.uk/get-coronavirus-test** یا 119 پر کسٹمر کنٹیکٹ سنٹر کو کال کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔ لائنیں روزانہ 7 بجے صبح سے 11 بجے رات تک کھلی رہتی ہیں۔

آپ کو اور آپ کے گھرانے کو قومی ہدایات پر عمل کرنا چاہیے۔

## باطل نتیجہ

اگر آپ کو باطل نتیجہ ملتا ہے تو، اس کا مطلب یہ ہے کہ ٹیسٹ صحیح سے نہیں ہوا ہے اور یہ کہنا ممکن نہیں ہے کہ جب آپ کا ٹیسٹ کیا گیا تھا تو کیا آپ کو وائرس تھا۔ آپ کو جلد از جلد پیک سے دوسرا ٹیسٹ استعمال کرنے کی ضرورت ہے۔ پہلے ٹیسٹ سے کسی بھی چیز کا دوبارہ استعمال نہ کریں، اور مرحلہ 1 سے ٹیسٹ کا طریقہ کار شروع کریں۔

اگر مسئلہ برقرار رہتا ہے تو، ٹیسٹ کٹ کا استعمال فوری طور پر روک دیں۔
**gov.uk/get-coronavirus-test** کو ملاحظہ کر کے، NHS COVID-19 ایپ کا استعمال کر کے یا کسٹمر کنٹیکٹ سنٹر کو **119** پر کال کر کے ٹیسٹ کٹ کے نئے پیک کا آرڈر کریں۔ لائنیں روزانہ 7 بجے صبح سے 11 بجے رات تک کھلی رہتی ہیں۔

## 8. ٹیسٹ کی کارکردگی

اگر کسی کو اعلی درجے کا کورونا وائرس (COVID-19) ہے تو ٹیسٹ سے مثبت نتیجہ ملنے کا زیادہ امکان ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس سے ایسے لوگوں کا پتہ لگنے کا سب سے زیادہ امکان ہے جو فی الحال متعدی ہیں اور جنہیں فوری طور پر خود کو آئسولیٹ کرنے کی ضرورت ہے۔

## 9. اپنا ٹیسٹ بحفاظت تلف کریں

آپ کا ٹیسٹ مکمل ہو جانے پر، استعمال شدہ تمام مواد فراہم کردہ فضلہ والے بیگ میں ڈالیں اور اپنے عمومی گھریلو کچرے میں ڈالیں۔

تلف کرنے کے بعد اپنے ہاتھوں کو اچھی طرح دھوئیں۔

اس کتابچے میں مذکور معلومات (29 ستمبر 2021) تک درست ہیں۔
پروڈکٹ کوڈ: COVID19AGVCGS7
پروڈکٹ کا نام: SureScreen SARS-CoV-2 اینٹیجین ریپڈ ٹیسٹ کیسٹ (ناک کا سویب) (گولڈ)

# اپنے ٹیسٹ کے نتائج کا ایک نوٹ بنائیں

یہ آپ کے اپنے ریکارڈ کے لیے ہے۔ آپ کو اب بھی NHS کو اپنے نتیجے کی رپورٹ کرنی چاہیے (معلومات کے لیے صفحہ 15 دیکھیں)۔
ملاحظہ کریں: **gov.uk/report-covid19-result**

اگر آپ اسکاٹ لینڈ میں رہتے ہیں تو ملاحظہ کریں **covidtest.scot**

| ٹیسٹ کس نے کیا ہے | تاریخ | وقت | ٹیسٹ کا نتیجہ |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

## آپ کی کٹ درج ذیل اشیاء پر مشتمل ہے

| آئٹم | 7-پیک |
|---|---|
| استعمال کے لیے ہدایات (یہ کتابچہ) | 1 |
| مہر بند پاؤچز میں ٹیسٹ کیسٹ | 7 |
| مائع والے ساشے (استخراجی بفر وائلز) | 7 |
| استخراجی ٹیوب | 7 |
| سویب | 7 |
| پلاسٹک کے فضلے والے بیگ | 7 |

پروڈکٹ کوڈ: COVID19AGVCGS7

# مزید معلومات کا خلاصہ

| | |
|---|---|
| از خود ٹیسٹنگ میں اضافی تعاون<br>متبادل زبان کے ورژن اور ویڈیو مظاہرے<br>تیاری کرنے اور بچے کا ٹیسٹ کرنے کے لیے رہنمائی | gov.uk/covid19-self-test-help |
| سیلف آئسولیشن پر رہنمائی اور معالجاتی معلومات | nhs.uk/conditions/coronavirus-covid-19/self-isolation-and-treatment/ |
| COVID-19 پر NHS کی رہنمائی | nhs.uk/conditions/coronavirus-covid-19 |
| اگر آپ کو COVID-19 کی علامات ہوں، اور آپ کی کیفیت بگڑ جائے، یا سات دنوں کے بعد آپ کی طبیعت بہتر نہ ہو تو، NHS 111 کی آن لائن کورونا وائرس سروس کا استعمال کریں: | 111.nhs.uk<br><br>**یا اگر آپ کے پاس انٹرنیٹ تک رسائی نہیں ہے تو NHS 111 پر کال کریں** |
| بچوں میں COVID-19 کی علامات | nhs.uk/conditions/coronavirus-COVID-19/symptoms/coronavirus-in-children |
| اگر آپ کو ڈیوائس سے کوئی ضرر پہنچتا ہے، تو یہاں رپورٹ کریں | coronavirus-yellowcard.mhra.gov.uk |
| نتیجے کی آن لائن رپورٹ کریں (انگلینڈ، ویلز یا شمالی آئرلینڈ): | gov.uk/report-covid19-result |
| نتیجے کی آن لائن رپورٹ کریں (اسکاٹ لینڈ): | covidtest.scot |
| حالیہ تجویز کردہ ٹیسٹ کا آرڈر کریں | gov.uk/get-coronavirus-test |
| کوئی چیز خراب ہے، ٹوٹی ہوئی ہے یا غائب ہے<br>زبان میں تعاون (بشمول برطانوی اشاراتی زبان)<br>اپنے نتیجے کی اطلاع دیں (اگر آپ کے پاس انٹرنیٹ تک رسائی نہیں ہے) | **119 پر کال کریں** |

پروڈکٹ کوڈ: COVID19AGVCGS7

## نوٹس:

اس ڈیوائس کی سپلائی کی صرف NHS ٹیسٹ اینڈ ٹریس پروگرام کے تحت
ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ اینڈ سوشل کیئر (DHSC) کی تعیناتی کے حصے کے
بطور اجازت ہے۔

SureScreen Diagnostics

**مینوفیکچرر**
SureScreen Diagnostics
1 Prime Parkway, Prime Enterprise Park,
Derby, DE1 3QB, United Kingdom (یونائیٹڈ کنگڈم)

سویب کی معلومات:
Zhejiang Gongdong Medical Technology Co., Ltd.
پتہ: No.10 Beiyuan Ave., Huangyan, 318020 Taizhou,
Zhejiang, People's Republic of China (چین)
CE 0123

یا

Jiangsu ChangFeng Medical Industry Co., LTD
پتہ: Touqiao Town, Guangling District,
Yangzhou, 225109 Jiangsu P.R. China (چین)
CE 0197

**علامات**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 2°C – 30°C | 2 – 30°C پر اسٹور کریں | STERILE EO | ایتھلین ڈائی آکسائیڈ کا استعمال کر کے جراثیم سے پاک کیا ہوا | مینوفیکچرر | مینوفیکچرر |
| LOT | لاٹ نمبر | | اختتامی تاریخ | IVD | ان ویٹرو ڈائگنوسٹک میڈیکل ڈیوائس |
| i | ہدایات برائے استعمال سے رجوع کریں | Σ 7 | 7 ٹیسٹ کے لیے کافی ہے | | دوبارہ استعمال مت کریں |
| REF | کیٹلاگ نمبر | | | | |

پیکیج خراب ہونے پر پروڈکٹ استعمال مت کریں

⚠ عمومی رہنمائی اور تنبیہ کے لیے 'ٹیسٹ کرانے کے بارے میں مشورہ' والے سیکشن سے رجوع کریں

ورژن 5 مؤثر تاریخ 29/09/2021
یہ ہدایات برائے استعمال SARS-CoV-2 اینٹیجین ریپڈ ٹیسٹ کیسٹ (ناک کا سویب) (گولڈ) سے متعلق ہیں،
مینوفیکچرر: SureScreen Diagnostics اور پروڈکٹ کوڈ: COVID19AGVCGS7